Reg. No. : ...............................

Name : ......................................

**VI Semester B.A. Degree (CBCSS – OBE-Regular/Supplementary/ Improvement) Examination, April 2023**
**(2019 and 2020 Admissions)**
**CORE COURSE IN URDU**
**6B10 URD : Special Study on Allama Iqbal**

Time : 3 Hours　　　　Max. Marks : 40

I. تمام سوالوں کے جواب تحریر کیجئے : **(6×1=6)**

1) شاعر مشرق کس کا لقب ہے ؟
2) علامہ اقبال کی نثری تخلیقات کا نام بتایئے۔
3) نظم "نیا شوالہ" علامہ اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے ؟
4) نظم 'حقیقت حسن' میں حسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟
5) شعر مکمل کیجئے۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں　　　　__________ امتحاں اور بھی ہیں

6) نظم "ہندوستانی بچوں کا قومی گیت" سے کیا سبق ملتا ہے ؟

II. درج ذیل سوالوں میں سے کسی چھ کے جواب ایک یا دو جملوں میں تحریر کیجئے : **(6×2=12)**

7) وطن دوستی کے متعلق علامہ اقبال کی کون کون سی نظمیں ہیں ؟
8) نظم 'علم و عشق' میں علم نے عشق کے بارے میں کیا کہا؟
9) علامہ اقبال کی نظموں کے موضوعات کے متعلق اپنی آرا پیش کریں۔
10) علامہ اقبال کے شعری مجموعوں کے نام قلمبند کیجئے۔
11) علامہ اقبال نے حکومتِ برطانیہ سے 'سر' کا خطاب کس شرط پر قبول کیا ؟
12) نظم 'پرندے کی فریاد' میں پرندے کو قید کے دنوں میں کون سی باتیں یاد آرہی ہیں ؟
13) علامہ اقبال کی بچوں کے لئے لکھی گئی کم از کم تین نظموں کے نام لکھئے۔
14) نظم 'ہمدردی' میں کیا سبق دیا گیا ہے ؟

P.T.O.



III. درجِ ذیل سوالوں میں سے کسی چار کے مختصر جواب لکھئے : **(4×3=12)**

15) علامہ اقبال کی تعلیمی زندگی پر روشنی ڈالئے۔
16) 'علامہ اقبال ایک وطن پرست شاعر ہیں' اس قول سے آپ کس حد تک متفق ہیں؟ واضح کیجئے۔
17) نظم 'علم و عشق' میں علامہ اقبال نے کس بحث کو سامنے لایا اور کیا بتانے کی کوشش کی ہے ؟
18) نظم 'نیا شوالہ' ہمیں کس بات کا درس دیتا ہے ؟
19) علامہ اقبال کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالئے۔
20) بچوں کے متعلق لکھی گئی علامہ اقبال کی نظمیں کس حد تک پیغام رساں ہیں؟ واضح کیجئے۔

IV. درجِ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب تفصیل سے لکھئے : **(2×5=10)**

21) علامہ اقبال کے حیات اور کارناموں کو قلمبند کیجئے۔
22) علامہ اقبال کی غزل گوئی کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔
23) علامہ اقبال کے تصورِ حرکت و عمل کے متعلق اپنی معلومات بہم پہنچایئے۔
24) نظم 'پرندے کی فریاد' کا خلاصہ اپنے لفظوں میں لکھئے۔